Osloskolen

Oslo

Lakkegata سکول میں تعلیمی سال 2019-2020 میں پہلی سے تیسری جماعت کے طالبعلموں کے سرپرستوں کیلئے معلومات

اوسلو، 16.04.2020

**تعلیمی سال 2020-2021 میں پہلی سے چوتھی جماعت کے لیے Aktivitetsskolen/AKS (ایکٹویٹی سکول) میں مفت جزوقتی سیٹ کے بارے میں معلومات**

*Lakkegata skole* میں پہلی سے چوتھی جماعت میں داخل ہونے والے تمام بچوں کو تعلیمی سال 2020-2021 میں AKS (ایکٹویٹی سکول) میں مفت جزوقتی سیٹ کی پیشکش مل رہی ہے۔ یہ پیشکش اگست 2020 سے دستیاب کیلئے ہے۔

**AKS میں مفت جزوقتی سیٹ سے کیا مراد ہے؟**

- 12 گھنٹوں کی پیشکش کو روزانہ سکول سے چھٹی کے بعد برابر طور پر تقسیم کیا جائے گا، اس طرح اس سروس کی منصوبہ بندی اور بہتر معیار کے اچھے امکانات مہیا ہوتے ہیں
- سکول کی تعطیلات (خزاں اور سردیوں کی تعطیلات، کرسمس اور ایسٹر کی تعطیلات، اور جولائی کےعلاوہ جب AKS بند ہوتا ہے، گرمیوں کی تعطیلات کے ہر ہفتے) میں فی ہفتہ دو دن۔
- تعلیمی سال میں پلاننگ کے دنوں میں/ سرکاری تعطیل کے بعد آنے والی سکول کی چھٹی کے دن طالبعلم AKS میں آدھا دن رہ سکتا ہے۔ (سکول کے پلاننگ کے دنوں میں AKS سال میں دو دن تک بند رہ سکتا ہے)

اگر آپ چاہتے ہوں کہ بچہ تعلیم میں معاون تمام سرگرمیوں میں شریک ہو تو آپ رعایتی فیس پر کل وقتی سیٹ خریدنے کی درخواست دے سکتے ہیں۔

**رعایتی فیس پر کل وقتی سیٹ**

کل وقتی سیٹ کی فیس سرپرستوں کی آمدنی پر منحصر ہوتی ہے اور ماہوار 242 کرونر اور 1029 کرونر کے درمیان ہوتی ہے۔ کل وقتی سیٹ رکھنے والا بچہ سکول کے اوقات سے پہلے بھی اور بعد میں بھی، اور سکول کی تعطیلات (جولائی کے علاوہ) کے تمام دنوں میں AKS میں رہ سکتا ہے۔

**زیادہ شرکت اور زبان کی بہتر اہلیت**

AKS سیکھنے کیلئے ایک متبادل ماحول ہے جو کھیل اور تربیت کے ذریعے بچوں کی تعلیمی اور سوشل نشوونما کو تقویت دے گا۔ سکول کے ساتھ تعاون رکھتے ہوئے AKS ایک جامع پیشکش فراہم کرے گا۔

اس سروس کی بنیاد AKS کے لیے فریم ورک پلان اور AKS ضابطہ نیز گھر اور سکول کے باہمی تعاون کے لیے گائیڈ پر ہے۔

AKS میں مفت جزوقتی شرکت کا مقصد یہ ہے:

- AKS میں شرکت بڑھائی جائے
- طالبعلموں کی زبان کی اہلیت بہتر بنائی جائے
- AKS کا معیار بلند کیا جائے اور سب کیلئے مساوی پیشکش یقینی بنائی جائے

**AKS میں داخلے کی درخواست اس طرح دی جاتی ہے**

AKSمیں بچوں کے نام لکھوانے کیلئے سرپرستوں کو بلدیہ اوسلو کی ویب سائیٹ پر موجود پورٹل استعمال کرنا ہوگا:
www.oslo.kommune.no/skole-og-utdanning/aktivitetsskolen/sok-plass-pa-aktivitetsskolen

اس بارے میں مزید معلومات کیلئے کہ کونسے سکول AKS میں مفت جزوقتی سیٹ فراہم کرتے ہیں، دیکھیں:
https://www.oslo.kommune.no/skole-og-utdanning/aktivitetsskolen/gratis-deltidsplass/

اگر آپ کے ذہن میں کوئی سوال ہو تو سکول سے رابطہ کریں۔

نیک تمناؤں کے ساتھ

**Osloskolen**